
© rasailojaraid.com

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔



# حسنِ انتقاد

تبصرہ نگار: سید محمد کفیل بخاری

## نماز مترجم مرتب: سید شبیر احمد

یہ ۲۲ صفحات پر مشتمل جیبی سائز میں نہایت خوبصورت تحفہ ہے قرآن و حدیث کی روشنی میں فضائل صلوٰۃ، نماز کے کلمات، اذکار اور دعاؤں کو سلیس ترجمہ کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ انفرادیت یہ ہے کہ تعلیمی نفسیات کے اصولوں کی روشنی میں دو رنگوں سے کام لیا ہے۔ یعنی عربی کے جو الفاظ سرخ رنگ میں ہیں ان کا ترجمہ بھی سرخ رنگ میں اور جو نیلے رنگ میں ہیں ان کا ترجمہ نیلے رنگ میں دیا گیا ہے۔ بچوں اور جوانوں کیلئے بہت مفید ہے۔ اسے "قرآن آسان تحریک" لاہور نے شائع کیا ہے اور -/۱۰ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے ذیل کے پتہ سے منگوائی جا سکتی ہے۔

محمد عبید اللہ ساجد، جامعہ عربیہ عمر فاروقؓ، توحید نگر، معاویہؓ سٹریٹ، فاروق اعظم روڈ۔ فاروقہ ضلع سرگودھا
پوسٹ کوڈ: 40040

## خطباتِ ختم نبوت (جلد دوم)

مرتب: مولانا محمد اسمعیل شجاع آبادی...... صفحات: ۳۹۲، قیمت: -/۱۵۰ روپے

ملنے کا پتہ: دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مسجد عائشہ ۵ حسین سٹریٹ۔ مسلم ٹاؤن۔ لاہور

عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے ہمارے اسلاف علماء حق نے تحریر و تقریر دونوں محاذوں پر مرزائیوں کو پسپا کیا ہے۔ انہوں نے بے پناہ لکھا اور بے شمار تقاریر کیں۔ تحریری مواد تو بہر حال محفوظ ہو جاتا ہے۔ مگر تقریروں کا معاملہ اس کے برعکس ہے۔

مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی نے اس موضوع پر اکابر علماء کے خطبات جمع کرنے کا عزم کیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب مولانا کی دوسری کاوش ہے۔ اس سے قبل "خطبات ختم نبوت" کی پہلی جلد شائع ہو چکی ہے۔ دوسری جلد میں مرتب نے حوالہ جات کا اہتمام کر کے اسے مزید خوبصورت بنا دیا ہے۔

جن علماء کے خطبات شامل ہیں ان کے اسماء یہ ہیں۔

امام العصر حضرت علامہ انور شاہ کشمیری، امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا ثناء اللہ امرتسری، میر ابراہیم سیالکوٹی، مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوری، قاضی احسان احمد شجاع آبادی، مولانا محمد علی


© rasailojaraid.com